# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ۔

بروز منگل مورخہ 23 جولائی 2024ء بوقت سہ پہر 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

## ترتیب کارروائی۔

1) **تلاوت قرآن پاک وترجمہ**

2) **نومنتخب رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی اپنی رکنیت کا حلف اٹھائیں گے (اگر کوئی ہو)**

3) **وقفہ سوالات**

علیحدہ فہرست میں مندرج محکمہ داخلہ وقبائلی امور اور پی ڈی ایم اے سے متعلق سوالات دریافت اوران کے جوابات دیئے جائیں گے۔

4) **مشترکہ قرارداد منجانب:۔ محترمہ غزالہ گولہ بیگم، ڈپٹی اسپیکر، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی، مشیر وزیر اعلیٰ، محترمہ ہادیہ نواز، محترمہ مینا، پارلیمانی سیکرٹریز، محترمہ شاہدہ روف اور محترمہ ام کلثوم اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ خواتین کو بااختیار بنانے اور خواتین کے حقوق کی ترقی وترویج کی خاطر بلوچستان صوبائی اسمبلی کی خواتین اراکین اسمبلی کے درمیان پارٹی وابستگی سے قطع نظر مشترکہ تعاون اور باہمی امداد کی روایت کو پروان چڑھانے کی بابت بلوچستان ویمن پارلیمانی کاکس (WPC) رولز 2020ء کے رول (1)4 کے تحت عمل میں لایا جائے

5) **آڈٹ رپورٹس کا پیش کیا جانا۔**

i) وزیرخزانہ آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت آڈٹ رپورٹ برحسابات حکومت بلوچستان آڈٹ سال 24-2023 ایوان میں پیش کریں گے۔

ii) وزیرخزانہ آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت اسپیشل آڈٹ رپورٹ برا کاونٹس آف دی مینیجنگ ڈائریکٹر پسنی فش ہاربر اتھارٹی برائے مالی سال 14-2013 تا 18-2017 آڈٹ سال 21-2020 ایوان میں پیش کریں گے۔

(جاری صفحہ۔۔ 2)

Scanned with CamScanner

iii) وزیر خزانہ آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت اسپیشل Study رپورٹ بر Accounts of Budgetary Allocation vs Actual releases of development funds by the Finance Department Government of Balochistan" برائے مالی سال 16-2015 آڈٹ سال 17-2016 ایوان میں پیش کریں گے۔

iv) وزیر خزانہ آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت Performance Audit Report بر "بلوچستان نیوٹریشن پروگرام فار مدرز اینڈ چلڈرن" برائے مالی سال 16-2015 تا 20-2019 آڈٹ سال 21-2020 ایوان میں پیش کریں گے۔

v) وزیر خزانہ آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت اسپیشل آڈٹ رپورٹ بر" Sustainable Development Goals Achievement Program Government of Balochistan برائے مالی سال 20-2018 آڈٹ سال 21-2020 ایوان میں پیش کریں گے۔

کوئٹہ
مورخہ 22 جولائی 2024ء

طاہر شاہ کاکڑ
سیکرٹری

Scanned with CamScanner

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز منگل مورخہ 23 جولائی 2024ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1) محکمہ داخلہ وقبائلی امور (2) محکمہ پی ڈی ایم اے

☆6 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 20 مئی 2024

کیا وزیر داخلہ وقبائلی امور از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2023.2024 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے پولیس اور لیویز سپاہیوں کی آسامیاں تخلیق کی گئی ہے۔ اگر جواب اثبات میں ہے تو ضلع واشک کیلئے کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی ہے کی تفصیل دی جائے۔ نیز مالی سال 2024 میں دیگر اضلاع کیلئے پولیس اور لیویز سپاہیوں کی تخلیق کردہ تمام آسامیوں کی ضلع وار تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر داخلہ وقبائلی امور** جواب موصول ہونے کی تاریخ 4 جولائی 2024

بمطابق ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان کوئٹہ مالی سال 2023.2024 میں ضلع واشک کیلئے بلوچستان لیویز فورس میں کوئی آسامی تخلیق نہیں کی گئی ہے جبکہ مالی سال 2023.2024 میں ضلع واشک پولیس میں کل 33 آسامیاں تخلیق کی گئی جس کی تفصیل بمطابق ضمیمہ (الف) لف ہے نیز مالی سال 2023.2024 میں لیویز میں 870 نئی آسامیاں QRF اور SSEPU ونگ بنانے کیلئے تخلیق کی گئی اس وقت ان آسامیوں کو زونل کوٹہ کے مطابق تقسیم کرنے کا سلسلہ جاری ہے اور کیس محکمہ داخلہ میں زیر غور ہے جہاں تک رہا پولیس کا سوال 2023.2024 میں 1071 آسامیاں تخلیق کی گئی جس کی ضلع وار تفصیل بمطابق ضمیمہ (ب) لف ہے **(مذید تفصیل ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں۔)**

☆7 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 20 مئی 2024

کیا وزیر داخلہ وقبائلی امور از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

کیا یہ درست ہے کہ بلوچستان پولیس میں سال 2023.2022 اور سال 2024 میں گریڈ 1 تا گریڈ 15 کے کل کتنے ملازمین تعینات کئے گئے ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، لوکل/ ڈومیسائل

Scanned with CamScanner

،اور تعلیمی قابلیت کی مکمل تفصیل دی جائے۔

**وزیر داخلہ وقبائلی امور** **جواب موصول ہونے کی تاریخ 4 جولائی 2024**

بلوچستان پولیس 2022.2023 اور سال 2024 میں گریڈ 1 تا 15 کے کل جس قدر ملازمین تعینات کئے گئے اس کی تفصیل ذیل ہے۔

| نمبر شمار | سال | تعینات کردہ آسامیوں کی تعداد | ضلع وار مکمل تفصیل |
|---|---|---|---|
| 1 | 2022 | 1627 | بمطابق ضمیمہ (الف) لف ہے |
| 2 | 2023 | 2673 | بمطابق ضمیمہ (ب) لف ہے |
| 3 | 2024 | 1071 | بمطابق ضمیمہ (ج) لف ہے |

**(مذید تفصیل ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں۔)**

**☆29 میر اسد اللہ بلوچ رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 30 مئی 2024**

کیا وزیر پی ڈی ایم اے از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مارچ 2024 تا حال حکومت کی جانب سے محکمہ پی ڈی ایم اے کو کل کسقدر رفنڈز موصول ہوئے ہیں کی مکمل تفصیل دی جائے۔ نیز ابتک محکمہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے جن جن اضلاع کو جن مدات میں فنڈز جاری گئے گئے ہیں اُسکی ضلع وار مکمل تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**وزیر پی ڈی ایم اے** **جواب موصول ہونے کی تاریخ 21 جون 2024**

محکمہ پی ڈی ایم اے کو مارچ 2024 سے ابتک Rs.1976.736 ملین کی رقم موصول ہوئی ہے اس کے علاوہ مختلف اضلاع کو مالی معاوضہ Rs.112.701 ملین جبکہ ریلیف اور بحالی کے مد میں Rs.50.00 ملین ریلیز کی گئی ہے جس کی تفصیل (آخر پر منسلک ہے)۔

کوئٹہ، سیکرٹری،

مورخہ 22 جولائی 2024 بلوچستان صوبائی اسمبلی

Scanned with CamScanner

21/06/024

# صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی بلوچستان

| سوال | جواب |
|---|---|
| **سوال نمبر 29:** کیا وزیر پی ڈی ایم اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ مارچ 2024 تا حال حکومت کی جانب سے محکمہ پی ڈی ایم اے کو کل کسقدر رفنڈز موصول ہوئے ہیں کی مکمل تفصیل دی جائے۔ نیز ابتک محکمہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے جن جن اضلاع کو جن مدات میں فنڈز جاری کیئے گئے ہیں اُس کی ضلع وار مکمل تفصیل بھی فراہم کی جائے۔ | جواب:۔ محکمہ پی ڈی ایم اے کو مارچ 2024 سے اب تک **Rs.1976.736** ملین کی رقم موصول ہوئی ہے جس کی تفصیل منسلک ہے۔<br>اس کے علاوہ مختلف اضلاع کو مالی معاوضہ **Rs.112.701** ملین جبکہ ریلیف اور بحالی کے مد میں **Rs.50.00** ملین ریلیز کی گئی ہے جس کی تفصیل منسلک ہے۔ |

اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ریلیف)

پی ڈی ایم اے بلوچستان

Scanned with CamScanner

# DETAIL OF RELEASES PDMA BALOCHISTAN FROM MARCH,2024 UP TO DATE

| S.No. | Released Amount | Purpose |
|---|---|---|
| 1. | Rs.376.736 Million | Procurement of relief goods and relief activities |
| 2. | Rs.1600.00 Million | Procurement of relief goods and relief activities |

Scanned with CamScanner

# DETAIL OF BUDGET RELEASED TO DDMA'S FROM MARCH 2024 UP TO DATE

| S.No. | Name of DDMA's | Released By Finance Deptt | Compensation/ Financial Assistance |
|---|---|---|---|
| 1 | DDMA Barkan | 2,500,000 | 0 |
| 2 | DDMA Chagai | 7,500,000 | 0 |
| 3 | DDMA Dera Bugti | 0 | 2,000,000 |
| 4 | DDMA Gwadar | 10,000,000 | 1,700,000 |
| 5 | DDMA Jhal Magsi | 2,500,000 | 0 |
| 6 | DDMA Kachhi | 5,000,000 | 0 |
| 7 | DDMA Loralai | 0 | 1,100,000 |
| 8 | DDMA Mastung | 5,000,000 | 0 |
| 9 | DDMA Panjgur | 2,500,000 | 0 |
| 10 | DDMA Pishin | 2,500,000 | 107,101,000 |
| 11 | DDMA Quetta | 10,000,000 | 0 |
| 12 | DDMA Washuk | 2,500,000 | 0 |
| 13 | DDMA Zhob | 0 | 800,000 |
| **Total Budget** | | **50,000,000** | **112,701,000** |

Scanned with CamScanner